**PRESS RELEASE**

For immediate release

July 3 , 2025

## SECP Issues Draft Amendments to Substantially Reduce Timelines for Credit of Bonus and Right Shares

**ISLAMABAD, July 03, 2025-** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued notification for public consultation on the proposed amendments to the Companies (Further Issue of Shares) Regulations, 2020 (the "Regulations").

These amendments focus on streamlining the processes for bonus and right shares issuance and to significantly reduce timelines by 87% and 72% for bonus and right issue respectively, thereby enhancing market efficiency and enabling quicker capital mobilization. Timelines for bonus and right shares issue are proposed to be reduced to 11 days (existing: 85 days) and 50 days (existing 181 days) respectively.

The draft amendments followed an extensive consultation process with key stakeholders, including PSX, CDC, NCCPL, leading Consultants to Issue, lawyers and financial experts. Initial feedback was collected to identify areas for improvement in the Regulations. The insights were synthesized into a detailed Consultation Paper titled "Reduction in Timelines for Issuance of Bonus and Right Shares by Listed Companies", which was published to invite further feedback.

In-person consultations were held, followed by an online session, where the feedback was discussed in-depth, ensuring the proposals were refined based on a consensus-driven approach. The SECP has now notified the draft amendments for comments before these become effective.

Additionally, amendments are also proposed to remove requirement on a company to prepare draft offer document in Urdu language and introduce a new requirement to submit additional information along with the right offer document to ensure smooth and efficient processing of the right offer document.

The SECP is committed to a robust and transparent consultation process, ensuring stakeholders have ample opportunity to contribute during the regulatory review. Feedback on the draft amendments can be submitted by July 17, 2025 to capitalissuefeedback@secp.gov.pk. The notification detailing the proposed amendments is available on the SECP website.

**ایس ای سی پی نے بونس اور رائٹ شیئرز کے کریڈٹ کے لیے ٹائم لائنز کو کافی حد تک کم کرنے کے لیے ترامیم کا مسودہ جاری کیا۔**

اسلام آباد، 3جولائی:ایس ای سی پی نے نے کمپنیز (فردر ایشو آف شیئرز) ریگولیشنز2020 میں مجوزہ ترامیم پر عوامی مشاورت کے لیے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔

یہ ترامیم بونس اور رائٹ شیئرز کے اجرا کے عمل کو مزید مؤثر اور آسان بنانے پر مرکوز ہیں، اور ان کے اجراء کے دورانیے کو بالترتیب 87فیصد (بونس ایشو) اور 72 فیصد (رائٹ ایشو) تک نمایاں طور پر کم کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جس سے مارکیٹ کی کارکردگی بہتر ہو گی اور سرمایہ تیزی سے اکٹھا کیا جا سکے گا۔تجویز کے مطابق بونس شیئرز کے اجرا کی مدت موجودہ 85دنوں سے کم ہو کر 11دن کر دی جائے گی۔ رائٹ شیئرز کے اجرا کی مدت موجودہ 181دنوں سے کم ہو کر 50دن کر دی جائے گی۔

یہ مجوزہ ترامیم ایک وسیع مشاورتی عمل کے بعد تیار کی گئی ہیں جس میں PSX، CDC، NCCPL، معروف کنسلٹنٹس ٹو ایشو، قانونی ماہرین، اور مالیاتی ماہرین سمیت اہم اسٹیک ہولڈرز کی رائے شامل کی گئی۔

ان آراء کو یکجا کر کے ایک تفصیلی کنسلٹیشن پیپر تیار کیا گیا جس کا عنوان تھا "لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے بونس اور رائٹ شیئرز کے اجرا کی مدت میں کمی"، جسے مزید آراء حاصل کرنے کے لیے شائع کیا گیا ہے۔

ذاتی طور پر مشاورت کی گئی، اس کے بعد ایک آن لائن سیشن ہوا، جہاں آراء پر گہرائی سے تبادلہ خیال کیا گیا، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ تجاویز کو اتفاق رائے سے چلنے والے نقطہ نظر کی بنیاد پر بہتر بنایا جائے۔ ایس ای سی پی نے اب ترامیم کے مسودے کو تبصرے کے لیے مطلع کر دیا ہے جس کے بعد یہ نافذ العمل ہو گا۔

مزید یہ کہ، ترامیم میں کمپنی کے لیے اردو زبان میں ڈرافٹ آفر ڈاکیومنٹ تیار کرنے کی شرط ختم کرنے کی بھی تجویز دی گئی ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ یہ نئی شرط بھی شامل کی گئی ہے کہ رائٹ آفر ڈاکیومنٹ کے ساتھ اضافی معلومات جمع کروائی جائیں تاکہ رائٹ آفر ڈاکیومنٹ کی پروسیسنگ کو مؤثر اور بلا تعطل بنایا جا سکے۔

---

ایس ای سی پی ایک مضبوط اور شفاف مشاورتی عمل کے لیے پرعزم ہے، تاکہ اسٹیک ہولڈرز کو ریگولیٹری جائزے کے دوران بھرپور موقع مل سکے کہ وہ اپنی رائے دے سکیں۔

مجوزہ ترامیم پر فیڈبیک 17 جولائی 2025 تک capitalissuefeedback@secp.gov.pkپر جمع کروایا جا سکتا ہے۔

مجوزہ ترامیم کی تفصیل پر مبنی نوٹیفکیشن SECPکی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔